NATIONAL TESTING SERVICE-INDIA

Multipurpose Indian Language Evaluation System

# یوزر مینول

## سوالات کا اندراج

## اُردو زبان

# USER MANUAL
# QUESTION ITEM INPUT
# (URDU LANGUAGE)

## NATIONAL TESTING SERVICE – INDIA

(A Central Scheme of the MOE, Dept. Hr. Edu., Govt. of India)

H.Q: CIIL, Manasagangotri, Mysuru– 570006

## آئٹم فائل کارڈ(IFC) سے متعلق:

آئٹم فائل کارڈ(آئی ایف سی) سے مراد سوالات تیار کرنا ہے۔یہ فائل کارڈ(A4)سائز میں ہے اور جس میں 10کالم تکنیکی اصول کے مطابق بنائے گئے ہیں۔ مثلاً(1) تنظیمی تفصیلات ۔(2) امتحان دہندہ کے لیے ہدایت(3) سوال/آئٹم اسٹم(جواب یا اشارے کے ساتھ) (4) اسکورنگ (تحصیل نشان) طریقہ کار(5) مواد کا موضوع/اندراج(ذیلی جز) (6)مقصد(ہدایتی، تعلیمی، سماجی) (7) سوال کی قسم/دیئے گئے فارمیٹ پر (8)پیش کش(تحریری یا تقریری) (9) تعلیمی سطح اور(10) جواز یا منطق۔

یہ 10 پیرامیٹرز ایک سوال تیار کرنے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔

## اطلاق(اپلکیشن) سے متعلق:

ویب سائٹ کا یہ اطلاق سوال ساز کوآن لائن پورٹل کے ذریعے سوالات کے اندراج میں مدد کرتا ہے۔اس طرح مندرجہ سوالات خود بخود MILES کے ڈاٹا بیس میں جمع ہو جاتے ہیں۔

## کمپیوٹر سے متعلق چند ضروریات:

- ✓ ڈسک ٹاپ/ لیپ ٹاپ کم سے کم کور2ڈیو پراسسر،2جی بی ریم،اوایس ونڈوز XP7 یا اس سے زیادہ۔
- ✓ ڈسک ٹاپ/لیپ ٹاپ براؤزرس جیسے گوگل کروم،موزلا فائرفاکس،انٹرنیٹ ایکسپلورر وغیرہ کے ساتھ فعال یا کار گر ثابت ہوتا ہے۔اس قسم کے نئے براؤزرس کے استعمال سے تازہ ترین ورزن کافی مفید ثابت ہوتے ہیں۔
- ✓ آپ کے کمپیوٹر پر یونکوڈ کو کیسے استعمال کریں یہ جاننے کے لیے درج ذیل لنک پر کلک کر کے یہ ویڈیو دیکھیے۔
- ✓ لنک: https://www.youtube.com/watch?v=XqFOq1BxFdM
- ✓ ہمارے ویب سائٹ پر مبنی سوالات کے اندراج کو یونکوڈ ہی حمایت کرتا ہے۔ہم آپ کو Jameel Noori Nastaleeq فونٹ کے استعمال کرنے کی صلاح دیتے ہیں۔یقینی بنائیں کہ یہ فونٹ آپ کے آپریٹنگ سسٹم میں موجود ہو۔


## لاگ ان اسکرین

- ✓ مرحلہ 1 کسی بھی براؤزر کو کھولیں۔
- ✓ مرحلہ 2 براؤزر کے ایڈریس بار میں درج ذیل لنک کو داخل کریں۔
  www.ciil-ntsindia.net/Urdu

مرحلہ 3 اپنا ای میل آئی ڈی داخل کریں۔

مرحلہ 4 پاس ورڈ داخل کریں۔

مرحلہ 5 لاگ اِن پر کلک کریں۔





## آئی ایف سی پیرا میٹرز

### 1. جی ایف آر کوڈ نمبر اور جزو

مرحلہ 6 جزو کا انتخاب کریں یا زبان، ادب یا شخصیت سے متعلق سوال تیار کرنے کے لیے جزو کے نمبر کا اندراج کیجیے۔

مرحلہ 7 اگلے بٹن پر کلک کریں۔



## Dimensional Problem

## جہتی مسئلہ

| | |
|---|---|
| مرحلہ 8 | جہتی مسئلہ کا انتخاب کیجیے اور زبان، ادب اور شخصیت کے کسی بھی جزو کا انتخاب کرنے کے لیے اگلے بٹن پر کلک کریں۔<br>اسی جہت کا مسئلہ خود بخود ڈراپ ڈاؤن مینو میں ظاہر ہو جائے گا۔ |




## Administering Details and Instruction

## 3. تنظیمی تفصیلات اور ہدایت

| | |
|---|---|
| مرحلہ 9 | تنظیمی تفصیلات اندراج کریں۔ |
| مرحلہ 10 | امتحان دہندہ کے لیے ہدایت اندراج کریں۔ پھر اگلے بٹن پر کلک کریں۔ |




## 4. Question Item

مرحلہ 11 سوال سے متعلق درج ذیل تفصیلات اندراج کریں۔

1. سوال کے فارمیٹ کا انتخاب کیجیے۔
2. دیئے گئے ٹیکسٹ باکس Text Box میں سوال اندراج کریں۔
3. اگر کوئی متبادل ہو تو اندراج کریں۔
4. جواب داخل کریں۔
5. مارکس یا نمبرات کا اندراج کریں۔(صرف عدد میں)
6. سوال کے حل کے لیے درکار وقت کو منٹ میں داخل کریں۔(صرف عدد میں)
7. تحصیلِ نشان کے طریقہ کار کا انتخاب کریں۔




8. آپ نے جس بھی ذیلی اجزا کا انتخاب کیا ہے وہ پوری طرح اسکرین پر ظاہر ہو جائے گا۔
9. سوال ساز کا منشا اندراج کریں۔
10. اگلے بٹن پر کلک کریں۔



## 5. Item Format

مرحلہ 12 اسکرین پر درج تفصیلات اندراج کریں۔

1. پیش کش کے طریقہ کار میں تحریری شکل کا انتخاب کریں۔
2. تعلیمی سطح کا انتخاب کریں۔
3. سوال کے جواز کو داخل کریں۔
4. انتخابی اشاریہ (Choice Index) سسٹم میں خود بخود ظاہر ہو جائے گا۔
5. موزونیت کی قدر (Feasibility value) سسٹم میں خود بخود ظاہر ہو جائے گی۔
6. تفریقی قدر (Discrimination value) سسٹم میں خود بخود ظاہر ہو جائے گی۔
7. درمیانہ صلاحیت اشاریہ (Mean Ability Index) سسٹم میں خود بخود ظاہر ہو جائے گا۔
8. قبل جوازکاری (Pre-Validation) سسٹم میں خود بخود ظاہر ہو جائے گی۔
9. سبمٹ (Submit) بٹن پر کلک کریں۔



**Question Item will be added successfully.**

سوال کامیابی کے ساتھ شامل ہو جائے گا۔

مرحلہ 13 سوال ساز اپنے مکمل سوال کو دیکھنے کے لیے Welcome (User name) بٹن پر کلک کریں۔




مرحلہ 14 View Profile پر کلک کریں۔ کیے گیے کام کا خاکہ اسکرین پر ظاہر ہو جائے گا۔



The Overview of the tasks done will be displayed.

مرحلہ 15 سوال کے مکمل اندراج کے بعد لاگ اِن آؤٹ ہونے کے لیے سائن آؤٹ کے بٹن پر کلک کریں۔

